© rasailojaraid.com

# ترجمان الحدیث

رہبرِ رہرواں، ترجمان الحدیث
جادۂ حق نشاں، ترجمان الحدیث

ترکۂ رفتگاں، ترجمان الحدیث
ورثۂ وارثاں، ترجمان الحدیث

زندگی جن کی درسِ حدیثِ نبیؐ
ان کا دل، ان کی جاں، ترجمان الحدیث

تشنگانِ احادیث کے واسطے،
سیلِ آبِ رواں، ترجمان الحدیث

ہے حدیثِ نبیؐ باغِ دینِ مُبیں
اس کا ہے باغباں، ترجمان الحدیث

جادہ پیما ہوا ہے عجب شان سے
زمزمہ زن، نغمہ خواں، ترجمان الحدیث

دین و علم و ادب کے اُفق پہ ہوا
جلوہ زا، ضو فشاں، ترجمان الحدیث

ہر جریدہ کا ہے اپنا اک راستہ
قبلہ رُخ ہے رواں، ترجمان الحدیث،

گشتۂ حسرت و یاس کے واسطے!
مشفق و مہرباں، ترجمان الحدیث

نام میں، کام میں، صورتاً، سیرتاً
حاملِ عز و شاں، ترجمان الحدیث

اختتامِ نبوت محمدؐ پہ ہے!
اس کا ہے پاسباں، ترجمان الحدیث

ایک گنجِ گہر ہے حدیثِ نبیؐ
اور گوہر فشاں، ترجمان الحدیث

ہے کلامِ الٰہی کی آیات کا،
شارح و ترجماں، ترجمان الحدیث

شرک و بدعات والحاد کی راہ میں
ایک کوہِ گراں، ترجمان الحدیث

سائے تاریکیوں کے سمٹنے لگے،
یوں ہوا ضو فشاں، ترجمان الحدیث

وعدۂ شوق پیمانِ خود آگہی
نقشِ دل، حرزِ جاں، ترجمان الحدیث

دین و ایمان و مذہب ہے انکار واں
قائد کارواں، ترجمان الحدیث

شامِ کرب و بلا، جہل و فسق و گنہ
صبحِ امن و اماں، ترجمان الحدیث

ہے دُعا عاجزِ ناتواں کی یہی
ہو سدا کامراں، ترجمان الحدیث

عبدالرحمٰن عاجز

© rasailojaraid.com